ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(03)

02-01-2023

بھاولپور ( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ سمہ سٹہ کا سرپرائز وزٹ، ریکارڈ چیک کیا،سیکیورٹی بہتر بنانے اور زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد یکسو کرنے کی ہدایات جاری،شہریوں کو بروقت انصاف فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری اور اولین ترجیحات میں شامل ہے،ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے تھانہ سمہ سٹہ کا سرپرائز وزٹ کیا۔وزٹ کے دوران تھانہ میں کرائم ریکارڈ، سیکیورٹی انتظامات اور صفائی ستھرائی چیک کی۔حوالات میں بند ملزمان اور مقدمات کی تفتیش کی پیش رفت کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ایس ایچ او مسلم ضیا اور محرر تھانہ نے بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈی پی او نے SHO، تفتیشی آفیسران اور محرر کو ہدایت کی کہ وہ تھانہ میں آنے والے سائلین کے ساتھ اچھا برتا کریں، زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کریں اور پولیس گشت کو مزید موثر بنائیں۔اشتہاری ملزمان کی گرفتاری میں مزید تحرک کریں تاکہ ملزمان گرفتار کر کے چالان عدالت کئے جائیں۔سابقہ ریکارڈی اشخاص کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ چوری، ڈکیتی، رہزنی کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے شہریوں کا چھینا ہوا مال برآمد کر کے متاثرین کے حوالے کریں۔کسی بھی واردات کی صورت میں ایس ایچ اوز موقع پر جا کر متاثرہ شخص سے مکمل تعاون کریں اور اس کی تسلی و تشفی کرائیں اور میرٹ پر مقدمہ درج کریں۔پولیس کی اولین ڈیوٹی لوگوں کے جان و مال کا تحفظ ہے جس کو یقینی بنانے کے لئے تمام اقدامات کو بروئے کار لایا جائے۔ تھانے میں قائم کئے گئے فرنٹ ڈیسک کو چیک کیا اور وہاں کام کرنے والے عملہ کو ہدایت کی کہ وہ فرنٹ ڈیسک پر آنے والے شہریوں ل سے عزت واحترام سے پیش آئیں اور ان کے معاملے کا فوری اندراج کریں تاکہ اس سسٹم سے لوگوں کو پیش آنے والی دقتوں کا خاتمہ ہو۔حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کی فرنٹ ڈیسک کے سلسلہ میں جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا اس سسٹم سے لوگوں اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور لوگوں پر پولیس کا اعتماد بحال ہوگا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بھاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ سمہ سٹہ کا سرپرائز وزٹ

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(04)

02-01-2023

بہاول پور ( ) آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔
پولیس کے چاق وچو بند دستے کی سلامی، اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ فٹنس اور ڈسپلن پر خصوصی توجہ دی جائے، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جنرل پریڈ میں ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ، ڈولفن فورس اور ٹریفک اسٹاف نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق وچو بند دستوں نے پریڈ کی اور جنرل سلامی دی افسران نے جنرل پریڈ کا ملاحظہ اور ٹرن آوٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ کا مقصد آفیسران و جوانوں کی جسمانی فٹنس کو برقرار رکھنا ہے انہوں نے پریڈ میں شامل آفیسران اور جوانوں سے کہا کہ اپنی صحت اور فٹنس کا خاص خیال رکھیں تا کہ آپ بہتر چاق وچو بند ہو کر فرائض سر انجام دے سکیں۔ بعد ازاں ایم ٹی سیکشن میں سرکاری وہیکلز کا معائنہ کیا گیا اور ڈرائیوروں کو سرکاری وہیکلز کی حفاظت کے بارے ہدایات دی گئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(05)

02-01-2023

بہاول پور()پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈسسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ ماہ دسمبر 2022ء، کل52250 ایمرجنسی کالز میں سے 32292 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر ہوسکے،پولیس افسران 15 کی کال پرفوری ریسپانس کریں،پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر رسپانس میں سستی یا غفلت پرمحکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی اوعبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق پکار15 سنٹرالائزڈسسٹم بہاول پورپنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈاور24/7 ایکٹیو ہے۔دسمبر کے مہینے میں پکار15 سنٹرالائزڈسسٹم پرکل 52250 کالزموصول ہوئیں،جن میں 4540 کالز پرفوری امدادجبکہ 1760 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 32292 جھوٹ پر مبنی کالز موصول ہوئیں۔ایوریج رسپانس 10 منٹ رہا۔ٹریفک کیسز سے متعلق164 کالزموصول ہوئیں،جس پرلوگوں کی امداداور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثارنے اپنے پیغام میں کہاہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار15 پراطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس ملےتوعوام کاپولیس پراعتمادبھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اوران کی حساسیت سے بھی محفوظ ہوجاتا ہے،اگرمتعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرےتوعوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اورعزت وآبرو کا تحفظ کویقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پرمبنی اورایمرجنسی صورت حال کے پیش نظرپکار15 پرکال کریں تاکہ عوام الناس کوپولیس کی بروقت اورفوری امدادمیسر ہوسکےاورسماج دشمن عناصرکوان کے مذموم مقاصدمیں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

ترجمان بہاولپورپولیس

بہاولپور()ڈی پی اوعبادت نثارکاشہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار15 کی کالزپرفوری ریسپانس کرنے کی ہدایت